کواڈ سینئر سائبر جماعت کی مشترکہ پریس کانفرنس

دسمبر 15، 2023

مورخہ 5 اور 6 دسمبر کو تیسری شخصی طور پر ہوئی کواڈ سینئر سائبر گروپ کی میٹنگ میں اصولوں پر ہوئے تبادلہ خیال کی بنیاد پر وفد کی قیادت کر رہے ہر ایک ملک کے سربراہ کی طرف سے 14 دسمبر کو کواڈ سینئر گروپ کی درج ذیل مشترکہ پریس ریلیز جاری کی گئی:

ہم- آسٹریلیا کے محکمہ داخلہ کے ڈپٹی سکریٹری سائبر اینڈ انفراسٹرکچر سیکیورٹی ہیمش ہینس فورڈ، نیشنل سائبر سیکیورٹی کوآرڈی نیٹر لیفٹیننٹ جنرل ایم یو نیر، نائب قومی سلامتی کے مشیر اور جاپان کے معاون چیف کابینہ سکریٹری کیچی اچیکاوا، اور امریکی صدر کے نائب معاون اور سائبر و ایمرجنگ ٹیکنالوجی کے نائب قومی سلامتی مشیر، این نیوبرگر نے جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو میں منعقد ہوئے تیسرے کواڈ سینئر سائبر گروپ (QSCG) کی پرنسپل میٹنگ میں ملاقات کی، جس کی میزبانی ڈپٹی قومی سلامتی کے مشیر اور معاون چیف کابینہ سکریٹری کیچی اچیکاوا نے کی۔

ہم ایک ساتھ انڈو پیسیفک کے لیے سائبر حملوں کا پتہ لگانے اور ان کو روکنے کے لیے لچکدار اور ریزلینٹ ہونے کی اپنی ثابت قدمی کی تصدیق کرتے ہیں۔ کواڈ کے ممالک ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، کنیکٹیوٹی، اور ریزیلینس میں دنیا کے لیڈر ہیں اور انڈو پیسیفک خطے میں اپنے سرکاری نیٹ ورکس اور اہم انفراسٹرکچر کو سائبر رکاوٹوں سے بچانے کی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی صلاحیتوں میں اضافہ فراہم کرنے کی کاوش کر رہے ہیں۔

ہم نے سائبر اسپیس میں بین الاقوامی قانون کے اطلاق کی توثیق کی اور خطے کے اہم انفراسٹرکچر پر سائبر حملوں کے بارے میں شدید تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔

اس اجلاس کے دوران ہم کواڈ سائبر اقدامات سے متعلق ہوئی پیش رفت کا خیرمقدم کیا۔ ہم کواڈ سائبر سیکورٹی شراکت داری کے لیے ہمارے سپورٹ کا اعادہ کرتے ہیں: مشترکہ اصولوں، جس میں محفوظ سافٹ ویئر میں کیے گئے کام انجام دینا، کریٹیکل انفراسٹرکچر کی سائبر سیکیورٹی، سپلائی چین میں لچک اور سیکیورٹی، کواڈ سائبر چیلنج ایونٹس کے ذریعہ سائبر سے متعلق بیداری، پورے انڈو پیسیفک کے شرکاء کی سائبر سیکیورٹی اور سائبر بیداری کو میں افزودگی کو فروغ دینا شامل ہے۔ ساتھ ہی انڈو پیسفک میں میں دھانچوں کی سلامتی میں بہتری لاتے ہوئے ہم کیپسلٹی بلڈنگ پروجیکٹس کے ذریعہ سائبر سلامتی کے خیالات کا بھی ہم نے خیرمقدم کیا۔ ہم نے یہ تسلیم بھی کیا کہ ایک محفوظ اور مامون سائبر اسپیس ایک صحتمند اور محفوظ معاشرے میں اپنا تعاون دیتی ہے، اور یہ کہ بین الاقوامی تعاون اس کی ایک کلید ہے۔

مشترکہ شناخت کی بنیاد پر کہ سائبر حملے حالیہ دنوں کثرت اور خفیہ طور پر بڑھ رہے ہیں، ہم نے اہم انفراسٹرکچر میں انفارمیشن ٹیکنالوجی (IT) اور آپریشنل ٹیکنالوجی (OT) سسٹمز کی لچک کو محفوظ بنانے کے لیے باہمی تعاون میں اضافہ کرنے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا تعاون بڑھانے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا؛ انٹرنیٹ آف تھنگز (IoT) مصنوعات کی سائبرسیکوریٹی کے لیے کواڈ نیشنز کی لیبل سازی والی اسکیموں کی باہمی شناخت کو یقینی بنانا؛ اور اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجز جیسے مصنوعی 1 ذہانت اور مشین لرننگ کا استعمال۔ ہم نے اہم شعبوں کے لیے قابل اعتماد، محفوظ اور لچکدار سپلائی چین کی ضرورت کی بھی تصدیق کی ہے۔

ہم نے باہمی تعاون کے شعبوں پر تبادلہ خیال کیا جو مذکورہ خطے میں محفوظ اور لچکدار سائبر اسپیس کے حصول کے لیے ضروری ہیں جن میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور کنیکٹیویٹی جیسے زیر سمندر کیبلز، ٹیلی مواصلات کے نیٹ ورکس اور کلاؤڈ سروسز شامل ہیں۔ ہم انڈو پیسیفک ممالک کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے تاکہ عملی نتائج کا حصول ممکن ہو جو QSCG کے ذریعہ خطے میں صلاحیت کی تعمیر میں معاون ثابت ہوں گے۔

ہم مزید محفوظ سائبر اسپیس کو فروغ دینے اور آزاد اور کھلے انڈو پیسیفک کے بصیرت جو جامع اور ریزیلئنٹ ہے، کی فراہمی فراہمی کے لیے کواڈ سائبر اقدامات کو آگے بڑھانے کے لیے کواڈ پارٹنرز کی متعلقہ طاقتوں اور وسائل سے استفادہ کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں اور اس بصیرت پر کواڈ لیڈرز کی اگلی میٹنگ پر مرکوز ہوگی۔

نئی دہلی
دسمبر 15، 2023